ڈُمب ہیتھ ژُلئی شال (۱۰۸)

ط١ - دریائے جہلم کا مطلب اقبال۔ ط٢ پانچ بھوت ط٣ دس اندریاں ط۴ اندریاں اور من

اومٹی پرَنُ اومٹی سُرنُ
اومسٹی ہیت پھٹے زانی زان (۱۰۳)

اوم ہی سب کا آدھار ہے۔ اوم ہی پر وچار کرنا ہے۔ اوم ہی سچا اُپدیش ہے۔ جو کہ ان پڑھ کو بھی روشنی دیتا ہے۔ یعنی اگیانی سے گیانی بن سکتا ہے۔ اوم ہی پڑھنا ہے۔ اور اوم پر ہی وچار کرنا ہے۔ اوم ہی ہمیں سچے گیان سے واقفیت کرائے گا۔

آرسَ نیرہِ نہ مُدرُ شیرے
نہ ویرسَ نیرہ نہ شورا[۱] ناوُ
مُودرکھسَ پرُنُ[۲] چھوی ہستس گشُنُ
یَس ہو مالہ واندسَ پہہ ٹراوُ (۱۰۴)

آک (آکھ) بخارا سے کبھی میٹھے رس کی اُمید نہیں ہو سکتی۔ ایک نامرد کبھی بھی بہادُر نہیں کہلایا جاسکتا ہے۔ بے وقوف کو نصیحت کرنے ہاتھی کو جیسی کھجلی کرنی ہے۔ جس بیل کو سستی آگئی۔ وہ چُست نہیں ہو سکتا

ببر لنگس مُشکُ نو مُودرے
ہُوُن لبسِ کو فور نیرِ نہ زانہہ
مَن اُدھ گارہ مَن فیری زیرے
نتہ شالہ ٹُونگے نیری کیاہ (۱۰۵)

ببر (رہیحان) کی ٹہنی سے خوشبو نہیں جائے گی۔ کُتے کی چمڑی سے کافور کبھی بھی نہیں نکلے گا۔ اگر تم من کو اُسکی (ایشور) طرف لگاؤ گے۔ تو وُہ آسانی سے تمہاری طرف آئے گا۔ ورنہ گیدڑ بھبکیوں سے کچھ مطلب حاصل نہ ہوگا۔

---

ط۱ بہادُر    ط۲۔ نصیحت کرنا۔ سمجھانا۔ ط۳۔ صرف زبان سے پڑھنا
جس کے ساتھ [illegible] ہو۔ ایسا ہی جیسے سُودہ ہو۔ جیسا کہ گیدڑ کا چلانا۔

# واکھیہ للی شوری

اومئی اکوئی اچھر پُرمُ
سوئی ما مالہ رُٹمُ وندس منز
سُوئی ما مالہ کنہ پھٹگرمُ تہٕ ژرمُ
آسس ساہ ژھ تہ سنپنس سون (۱۰۱)

میں نے صرف ایک ہی اکھر اوم پڑھا۔ اسی ایک اکھر کو میں نے دل میں جمالیا۔ وہی ایک اکھر میں نے دل روپی پتھر پر اچھی طرح سے کندہ کیا۔ میں راکھ[1] تھی۔ اور سونا ہو گئی۔

اومئی آدھہ تے اومئی سورُم
اومئی ٹھرمُ پننُ پان
اننت[2] تراوتھ نہتھی بوسُم
تَوے پروُم پرمس تھان (۱۰۲)

اوم ہی سب کا آدھار ہے۔ میں نے اسی پر وچار کیا۔ اوم کو ہی میں نے اپنا آدھار بنایا۔ اس جھوٹے سنسار کو چھوڑ کر مجھے سچائی محسوس ہوئی۔ اس لئے میں نے پرمیشور کا ستھان پایا۔

اومئی چھُوِ دُتھپت اومئی چھُوشُرن
اومئی چھُوا پدیش آپرہ زان

---

[1] راکھ۔ [2] ثانی شریر [3] پرماتما۔

# تمہید

پبلک کی قدر دانی نے میری ہمت کو بڑھایا اور میں اس اشاعت میں للی شوری کے واکھیوں کا دوسرا قسط آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اُمید ہے۔ کہ یہ حصہ بھی وُہی مقبولیت حاصل کریگا۔ جو اس سے پیشتر حصّہ اوّل میں ہُوئی ہے۔ قدر دان اصحاب شاید جانتے ہیں۔ کہ للی شوری کے واکھیہ منتشر حالت میں پڑے ہُوئے ہیں۔ ان کا جمع کرنا میرا اور میرے ساتھی پنڈت سروانند جی چراغی کے شب و روز کی کاوشوں کا ہی رہین منت ہے۔ ہمیں بے شمار دیہات کا دورہ کرنا پڑا ہے۔ شکر ہے۔ کہ ہم بڑی حد تک اس مشترک مشن میں کامیاب ہوئے۔ واکھیوں کی تیسری قسط بھی زیر طبع ہے۔ جو عنقریب شایع کی جائے گی۔

للی شوری کے شیدائیوں سے میں نے پُر زور اپیل کی ہے۔ کہ وہ اس کارِ خیر میں میرا ہاتھ بٹائیں۔ اگر اس یہاں دیوی کے کلام کا کوئی غیر مطبوعہ جزو ان کے پاس موجود ہو۔ تو وہ مجھے عنایت فرمادیں۔ تاکہ عوام دیوی موصوفہ کے کلام سے بہرہ اندوز ہو سکیں۔ علاوہ اس کے دیگر مہاپُرشوں کی تصانیف بھی اگر قلمی صورت میں کسی صاحب کے پاس موجود ہوں۔ تو وُہ مجھے عنایت فرما کر مشکور فرمادیں۔ تاکہ میں ان کو بھی شایع کروں اور پبلک ان کے کلام سے بھی لطف حاصل کر سکیں ؎

آپ کا مخلص خدمتگذار اے۔ کے۔ وانچو

اوم

# واکھیہ للی شوری

اُردو ایڈیشن

## جلد دویم

اے۔ کے۔ وانچو

1996

پبلشرز:-

ٹرسٹ پبلشنگ ہاؤس

حبہ کدل سرینگر

(بروکا پریس سرینگر)

AUM

# THE WISE SAYINGS

OF

# LALISHWARI

واکھیہ للي ایشوری

( Urdu Edition )

PART II.

BY

Pt. A. K. Wanchoo

1996

1st Edition 1,000. Price 0-2-6.

RI

Price 0-2-6.



Broca's
ARTISTIC
PRESS
SRINAGAR
KASHMIR

میں نے ایک میدان میں ایک عالیشان مکان بنایا اور اس کو چاروں طرف سے خوب سجایا۔ وہ یہیں رہیگی اور میں چلی جاؤں گی جیسے دُکاندار دُکان کو بند کر کے چلا گیا ؛

# نوٹ !

مُدت سے ہمارے دل میں یہ خواہش موجزن تھی۔ کہ للی شوری کے واکھیوں کو جو معرفت اور گیان کے راز سربستہ ہیں۔ پبلک کے سامنے اُن کی اصلی صُورت میں پیش کر کے اُن کا بھاؤ ارتھ سرل بھاشا میں لکھ جاویں۔ واکھیوں کے جمع کرنے اور اُن کے ارتھ لکھنے میں ہمیں جو محنت کرنی پڑی۔ ساتھ ہی ان کے جمع کرنے میں بہت سے جگہوں کے آنے جانے میں جو دھن خرچ کرنا پڑا۔ اس کا قارئین خود اندازہ لگا سکتے ہیں۔ سردست ہم نے قریباً چار سو شلوک جمع کئے ہیں۔ جن میں سے ہم پہلا قسط ایک سو شلوک ہم پبلک کو پیش کرتے ہیں۔ اس ایڈیشن میں جو خامیاں اور فروگذاشتیں پڑھنے والوں کو نظر آئیں۔ اُن سے ہمیں آگاہ کرنے والوں کے ہم ممنون ہونگے۔ اور طبع ثانی میں وُہ فروگذاشتیں پُوری کی جائیں گی۔ نیز وُہ اصحاب بھی ہمارے شکریہ کے مستحق ہونگے۔ جو ہمیں مزید واکھیوں سے مطلع کریں گے۔ جو اس رسالے میں درج ہونے سے رہ گئے ہیں۔ تاکہ ہم اپنے جمع کئے ہُوئے واکھیوں کے ساتھ مُقابلہ کریں۔ اُمید ہے۔ کہ پبلک ہمارے محنت کی قدر دانی اور حوصلہ افزائی کرے گی ؛

بہت مشکل ہے۔ اس اُپدیش پر غور کرو ؛

سوئی شیل ۱ چھے پٹس ۲ تہ پٹھیس
سوئی شیل چھے اُوتم دیش
سوئی شیل چھے فیر وٹلس گرٹس
شوچھوئی کردٹ تے زین اُپدیش (۹۸)

وہی پتھر سڑک پر بھی ہے۔ اور اُسی پتھر کا پیٹھ بنا ہے۔ اُسی پتھر سے پُوتر جگہ بنی ہوئی ہے۔ اور وہی پتھر گھومنے والی چکّی کا پاٹ ہے۔ شو کو پانا بہت مشکل ہے۔ اسی اُپدیش کو اشارہ مان ؛

لل بوٗژ لیس سوٗمنہ ۳ باغس
وُچھم شوس شکت میلت تہ واہ
تہ ئے کرم امرتہ سرس
زندے مرس ہتہ مہ کیاہ کرے (۹۹)

میں لل اپنے آتمارُوپی باغ میں چلی گئی۔ اور بڑی خوش ہوئی۔ جب کہ میں نے شو اور شکتی دونوں کو دیکھا۔ وہیں پر میں نے اپنے آپ کو امرت کے جھیل میں لے گیا۔ اب مجھے کوئی کیا کر سکے۔ کیونکہ میں اگرچہ زندہ بھی ہوں۔ تو بھی مردے کے سماں ہوں ؛

لر لزم منز میدانس
اند اند کرمکس تکیہ تہ گاہ
شوٗ ۴ روزہ یہتہ تے بوگزنہ پانس
وُوہنہ گو وانس فالو دتھ۔ (۱۰۰)

۱ پتھر۔ ۲ سڑک۔ ۳ آتمارُدپی۔ ۴ پرماتما۔

کامیاب ہو سکتا ہے ؎

شِو گُرتے کیشو پَلنس[1]
برہما پایر ہِن وُلسِس
یُوگی یُوگہ کلہِ پَرزانِس[2]
کُس دیو اشہ وار پرچِڑِس (۹۵)

شِو گھوڑا ہے اور وِشنو کاٹھی اور پائیدان پر برہما ہے۔ یوگی جن یوگ کے بل سے اُس کو پہچان سکتے ہیں۔ کون دیوتا ہے۔ جو اِس گھوڑے پر سوار ہے ؎

شَوَن ژَٹِت شِشِ کلہ وُندِم[3]
پَرکرَت ہُنزِم[4] پَوَنہ سیتی
لولکہ نارہِ سیت وَالنِج بُزِم
شنکر لَبُم تمی سیتی (۹۶)

من وغیرہ کو قابو کر کے میں نے چھ جنگلیں کو عبُور کیا۔ اور تب چندر کلا سے مجھے جاگ آیا۔ یہ سارا سنسار تب میرے اندر بسم ہُوا۔ محبت کے آگ سے میں نے اپنے دِل کو گُن لیا۔ پھر شِو مجھے پراپت ہُوا ؎

سوئی ماتا رُوپ پَے دِیئے
سوئی بھاریہ رُوپ کَرہِ وِلاس
سوئی مایا رُوپ زیو ہَرِتہ[5]
شِو چھُوی کرُوٹ تہ ژین اُپدیش (۹۷)

وُہی دیوی ماتا ہے۔ اور بچے کو دُودھ پلاتی ہے۔ وُہی استری بن کر وِلاس کرتی ہے۔ وُہی مایا رُوپ بن کر جیون کو مارتی ہے۔ سچ پُوچھو تو شِو کو پانا

[1] کاٹھی۔ [2] پہچان نے۔ [3] جگایا۔ [4] جلایا۔ [5] مارنا۔

مَرِم نہ کُونہہ تہ مَرہ نہ کانہہ[٣]
مَرہ رینچھ تہ لَسہہ رینچھ (۹۲)

میں اس آنے جانے والے سنسار میں آگئی۔ اور تپسیا کر کے میں نے آتم پرکاش حاصل کیا۔ اگر کوئی مرے تو مجھے کیا ہے۔ اور اگر میں مروں۔ تو کسی کو کیا ہے۔ اگر میں مری تو اچھا ہے۔ اور بہت دیر زندہ رہی۔ تو بھی اچھا ہے۔

ہیتھ کَرِت راج فیرہ نا
دِتھ کَرِت ترفِتہنا مَن
لُوبھ رَونا زِنِدٕ مَرہ نا
زِیونت مَرِہ تے سُوئ چھوی گیان (۹۳)

اگر تمہیں ایک سلطنت ملے۔ اور اُسی کی حکومت کرو۔ تو بھی من کی شانتی حاصل نہیں ہو سکتی ہے۔ اگر یہ سلطنت تم کسی اَور کو بخشو گے۔ تو بھی شانتی حاصل نہیں ہو سکتی۔ جو دُنیا کے خواہشات سے آزاد ہے۔ وُہ کبھی مرتا نہیں۔ زندہ ہو کر مرنا جیسا رہنا سچا اُپدیش ہے۔

شِیل تہ مان چھُوی پونہ کرِنجے
مو چھہ یہم رُٹ مَلہ یڈُ واوُ
ہستوٕ یُس وَالہ گنڈے
تہ یُس نگہ سُو اَدہ نہال[٢] (۹۴)

جیسے پانی کو ایک ٹوکرے میں لینا ہے۔ ایسا ہی مُشکل دیانتداری اور شُہرت کو مستقل طور پر رکھنا ہے۔ اگر کوئی بہادر شخص ہوا کو مٹھی میں بند کر سکے۔ یا ایک ہاتھی کو اپنے سر کے ایک بال سے باندھ سکے۔ وُہ شاید

---

(١) راضی ہو۔ (٢) نشکی والا (٣) کامیاب۔

یدُوَسنے نرانک پرمہ پد
اُکھبرہشی کرکھشی کرہ ہستھ (۸۹)

ہے دیوی تیار ہوجاؤ اور پُوجا کا سامان تیار کر۔ ہاتھ میں سارا پُوجا کا سامان لے۔ اگر تُم برہم شبد کو سمجھتی ہو۔ تو تُم اُسی سے تانترک دیویوں کے ساتھ بیٹھ کر پُوجا کر۔

شِو وا کیشو وا جن وا
کملنہ ناتھ نام دارن یشُو
مہہ ابلہ کیستن بھوہ رنہ
سُوا سُوا سوا شو (۹۰)

چاہے اُس کا نام شِو ہو۔ کیشو ہو یا جن ہو۔ یا کمل میں واس کرنے والا وشنو ہو۔ جو کچھ بھی اُس کا نام ہو۔ وُہ مجھ غریب ابلا کو اِس سنسار کے بندھنوں سے چھڑائے۔ چاہے وُہ شِو ہو۔ کیشو ہو۔ جن ہو یا وشنو ہو۔

سہنرس شمہ تپہ دمہ نوگڑھے
پرُھہ پراوکھ امڑکھی دوار
سلِلُس لوَن نرن میلت گڑھے
توہتہ چھوڈی دُرلب سہنرہ وچار (۹۱)

پرمیشور کو دھارنا اور تپ یا کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اگر تم مکتی حاصل کرنا چاہتی ہو۔ تو صرف پریم سے حاصل کر سکتی ہو۔ اگر تُم نمک کی طرح پانی میں اُس کے ساتھ مل جاؤ گے۔ تو بھی اُس کو پہچاننا تمہارے واسطے بہت مشکل ہے۔

سمسارِس آئیس تپسے
بُدھ پرکاش اہم سہنرے

ھ۱ اپچی ودیا۔ ھ۲ کمل میں رہنے والا بھگوان ھ۳ غریب عورت ھ۴ سمار رُوپی دُکھ۔ ھ۵ پانی

ہے میرے گورو دیو آپ ایشور سروپ ہیں۔ کرپا کر کے مجھے سچی ودیا سمجھائیے۔ پران اپان دونوں ایک ہی جگہ سے پیدا ہوتے ہیں پھر یہہ کیوں سرد ہے اور یہ کیوں گرم ہے ✤

انا ہت شو سروپ شونا لیس
نا ؤنا ورن نا روپ نا گوتر
اہم یہہ ناد بند تہ یوؤن
شوئی دیو اشوار پیٹھ چڑس (۸۷)

وہ ہمیشہ رہنے والی آواز جو شونیہ میں ہی رہتی ہے۔ اس کا کوئی نام کوئی رنگ کوئی شکل اور کوئی گوتر نہیں ہے۔ وہ خود ہی مختلف آوازوں میں اپنی اچھیا سے ہی تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ وہی ایک دیوتا ہے۔ جو کہ اس پر سوار ہوتا ہے ✤

واکھ منس کول اکول نا اتے
ژہرپہ مدرے اتہ نا پرویش
روزن شو شکت نا اتے
موژہ گونہ تہ سوئی اپدیش (۸۸)

اپنے من کو سمجھاؤ کہ وہاں پر چھوٹے بڑے کا کوئی تمیز نہیں۔ وہاں پہ خاموشی سے یا مدرا کرتے سے رسائی نہیں ہوسکتی۔ وہاں پہ نا ہی شو رہتا ہے نا ہی شکتی رہتی ہے۔ اگر پہ کچھ باقی رہتا ہے۔ وہی سچا اصول ہے ✤

وتھو رنیا آرژن سکھر
المہ ال پل دکھر ہیتھ

ط رنگ۔ ح۲ سوار ح۳ مدرا یعنی پوشیدہ کریا ح۴ باقی رہے گا۔ ح۵ پوجا کرنا۔

شمع پر اپنے آپ کو نثار کرنے کی قدر کیا جان سکتی ہے ؂

لُوبھ مارُن سہج وِژارُن
دُرگُ زانُن کلپن تراوٗ
نِشہ چھُوی تہ دُور ہوزانُن
شُونس شُنیہ میلت گو (۸۴)

خواہشات کو قابُو کر کے آتم سُردپ پر وچار کرو۔ خیالی پُلاؤ پکانا چھوڑ دے اور سچّی وِدیا کو بیش بہا اور مُشکل سے ہاتھ میں آنے والی ہے۔ وُہ تیرے نزدیک ہے۔ اُس کی تلاش دُور مت کر۔ وُہ شُنیہ رُوپ ہے۔ اور شُنیہ میں ہی سما جاتا ہے ؂

رَومت تھلہ تھلہ تار پیٹن
تے پیٹن اوتم دیشا
وِرُن مت لوٹ گرہ اَژتن
شِو چھُوی کرُوٹ تے زِین اپدیش (۸۵)

کیا سُورج سارے جگت میں ہر ایک چیز کو روشن نہیں کرتا ہے۔ کیا وُہ صرف اچھے اچھے شہروں کو روشن کرتا ہے۔ کیا ہوا ہر ایک گھر میں داخل نہیں ہوتا۔ یہی اشارہ ہے۔ اسی اصُول کو سوچ لو۔ دراصل شِو کو پانا بہت مشکل ہے ؂

یے گورہ پرمو گورہ
ستد بھاؤ بھاؤ تہ مہ ژرہ
زِہ زہر وُپنے یہ کُند اُپرا
ہمہ کو تُران تہ ملکو ٹھت (۸۶)

دوُدٕ کیاہ زانہٕ یَس نوٗ بہنے
غمکِ جامہ ہا وَلتِ تِنے
گھرٕ گھرٕ فیرِس ہیُم گنے
ڈیُوٗٹھم نہ کانہٕ تہٕ پنُنہٕ اَگنے (۸۱)

دُہ دوسرے کے دُکھ درد کی قدر کیا جان سکتا ہے۔ جو اِس میں خود مُبتلا نہ ہوا ہو۔ میں اُس کے تلاش کی خاطر تمام عمر میں پھرتی رہی۔ ہر ایک گھر میں اُس کی تلاش کی۔ سب جگہ نادم رہتی ہوا۔ اور کسی کو بھی اپنا ہمدرد نہیں دیکھا۔

ہَہہ نشہٕ ہا دراو شاہ کیاہ گوےٚ
ہہِس تہٕ ہاہس شاہ ژِھیٚ زان
رُوٗہ ہُرنشہٕ ہُرٕ دراوٗ کیاہ وچھوےٚ
کیاہ رُوٗد باقی کیاہ گو فانہ[۳] (۸۲)

ہہہ سے ہا نکلا۔ تو سانس کس سے کہتے ہیں۔ پران اپان کو تو سانس جان لے۔ رُوح سے جب جسم علیحدہ ہوا۔ تو کیا دیکھا۔ بعد میں باقی کیا رہا اور ناش کیا ہوا۔

شہتہ ہُند شکار گنیٹھ کوہ زانے
ہینٹھ کوہ زانے پُترے دَوٗدٕ
شمہِ قدر لَش کوہ زانے
مچھ کوہ زانے پنپرِ سُنز گت (۸۳)

شہنی (ایک شکاری پرندہ) کا شکار چیں کو کیا معلوم ہے۔ بانجھ عورت کے سامنے بچے کے دُکھ درد کی قدر کیا سمجھتی ہے۔ شمع کی قدر لَش (ایک قسم کی لکڑی جو چراغ کا کام دیتی ہے) کیا جان سکتی ہے۔ مکھی پروانے کی

۱؎ تمام۔ ۲؎ شرب۔ ۳؎ ناش ہونا

صاحبؔ چھُو ہت پانہٕ دُوکانس
سارُی منگان گینتھ رٕ ھا ردمہ
رُٹ نو کنسی ہُند راچھہ نو وانس
یہ ثرہ گژھی تی پانہٕ رنہہ (۷۸)

وُہ خود دُکان پر بیٹھا ہوا ہے۔ سارے کچھ دینے کو کہتے ہیں۔ کسی کی رُکاوٹ نہیں۔ نا ہی وُہ دکان کا کوئی رکھوالا ہے۔ جو جس کو چاہے خود ہی لے جائے

سمسارس منز باگ کتھ شان روزے
روزی پرمہ شو شمبھو اگور
اُہہ منز باگ بیٚ للہ ناوِن
جگرس منز باگ کرِیس گورہ گور (۷۹)

سنسار میں میں کس طرح رہوں گی۔ یہاں پرمہ شو ہی رہے گا۔ میں اُس کو اپنے گود میں پیار کروں گی۔ اور اپنے دل میں ہی اُس کو پریم کروں گی۔

شٔنیس تہ رَوَس اتھٕ کُس رٹے
یُس ہیکے رٹے واو
سُہ پانژ یندرے ژٹتھ ژلے
سُوی رٹے گٹے رو (۸۰)

شنیہ اور سُورج کو کون پکڑ سکتا ہے۔ جو ہوا کو پکڑ سکے۔ وُہ پانچ چوٹیوں کو کاٹ کر بھاگ جائے گا۔ وُہی اندھیرے میں پرکاش کو پکڑ سکتا ہے۔

---

۱ پرماتما - جیوآتما ۲ شریر یا سنسار ۳ سب لوگ یا سب یندریے۔ ۴ گود میں ۵ پریم کرنا یعنی بھگتی۔ ۶ پانچ وِشے ۷ کاٹ کر یعنی قابو کرنا۔ ۸ پرکاش۔

سمسار نوم توڈ ہ تیچھ
مُوڈان کِڑہی تادِنہ آے
گیانہ مُدرا چھہ گیانین کِڑہی
شُو یُوگہ کلہ کُن پرزنہ آے (۷۵)

سنسار رُوپی گرم کڑاہی۔ جوکہ مُورکھ لوگوں کے واسطے گرم کی گئی۔ گیان کارِیَں گیانیوں کے واسطے ہے۔ جو یوگ کے ابھیاس سے حاصل ہوتا ہے

صبُور چھِے زیُر مرچ تہ نُونی
کھنہ چھُوی ٹیوٹھ تہ کھیس کُس
صبُور ہا مالہ چھُوی سُونہ سُند دُوری
مُولہ چھُوی تہنُد تہ ہیس کُس (۷۶)

صبر یعنی برداشت۔ زیرہ۔ مرچ سیاہ اور نمک کے مانند ہے۔ جو کھانے میں کڑوا ہے۔ کون کھائے گا۔ صبر ایک سونے کے زیور کے مانند ہے جو بہت قیمتی ہے۔ کون خریدے گا؟

سُورگہ جامہ تراوِت الگ پراوُم
دَگ للہ ناوِم دِیہ سنزِ ناپریا
پُت زُونے اُشِت وُز نووُم
زِین تہ مالہ کُلس پیٹھ نِندرِ ہیپیا (۷۷)

سُورگ کو چھوڑ کر میں نے فقیرانہ زندگی اختیار کی۔ میں نے اُس پرم برہم کے پریم میں دُکھ درد برداشت کیا۔ پرماتما کمال اُٹھ کر میں نے اُس کو جگا دیا۔ ہے منش! تم اِس دیہہ کے گھمنڈ میں خواب غفلت میں سوئے ہو۔ اِسلئے تُم نیند سے بیدار ہو جاؤ۔

(۱) درخت پر نیند پڑنے سے جیسے آدمی کو گرنے کا خطرہ رہتا ہے۔ ویسے ہی سنسار میں غفلت

پانس لاگِت رُودُگ مہہ ژٕہہ
مہہ ژٕہہ ژھانڈان لُوسُم دُہہ
گیانس منز یاگ ڈیوٹھُک مہہ ژٕہہ
مہہ ژٕہہ تہٕ پانس دیوتُم ژھوٚ ط (۷۲)

تُم خُود میرے سے پوشیدہ رہے۔ سارا دِن مُجھے تُمھارے تلاش میں گُزر گیا۔ گیان کے حاصِل ہونے پر جب میں نے تُم کو پالیا۔ تب تُمھارے ساتھ ملنے پر میں پھُولے نہیں سمائی۔

مَنَس تہٕ بھووہ سرس چھُتہٕ
گُوپ نیرہٕ تا نارہٕ چھوک
لیکھ لج تےٚ بہٕ نا گُونے
تلہٕ تُل تےٚ تلوٚ نا کنہہ (۷۳)

اپنے من کو ہی سنسار رُوپ سمجھ لے۔ اگر تُو اِس کو قابُو نہیں کرے گا تو غُصے میں بُرے الفاظ نکلینگے۔ جیسے آگ سے چنگارے نکل کر چھالے پڑتے ہیں۔ اگر تُم اس کو سچائی کے ترازو میں تولو گے۔ تو ان کا وزن کُچھ بھی نہ ہوگا

یُوہ تیر ژٕلہٕ تمہ اَمبر ہتیٚ
بُچھہ یُوہ ژٕلہٕ تی آہار اَن
ژٕرت نرپ سوہٕ تارس تت
ژٕ تا دِہس واَن کیاہ وَن (۷۴)

کپڑے ایسے پہن جس سے سردی دُور ہو سکے۔ اُتنا ہی کھا۔ جس سے بھُوک مِٹ سکے۔ اپنے من کو ہمیشہ پرماتما سرُوپ کے وِچار میں لگاؤ۔ اپنے اِس شریر کو جنگلی جانوروں کا خوراک سمجھ۔

(۱) پھُولے نہیں سمانا (۲) غُصہ (۳) وزن (۴) کھانا (۵) پرماتما سرُوپ (۶) جنگلی جانوروں کا خوراک

اڈہ پچ سَن دِتھ تھاوَن مٹَن
ڈُبھہ بُچھہ بولن گیان پچ گیت
تُھٹ تُھٹ نیرن تِم کستہ وٹَن
ترُک اَے مالہ چھُوک پورکرٹ ہیتھ (٦٩)

جو ایک جگہ سے مال چھین کر دُوسری جگہ رکھتے ہیں - لالچ کے اندھے گیان کے گیت گاتے ہیں - دُنیا میں انگشت نما ہوتے ہیں - دُنیا میں اُن کا بھلا کیسے ہوگا - اے منشُ! اگر تمُ دانا ہے - تو اِن کاموں سے باز آؤ ؞

پَرَ تہ پان یم سموٗئی موان
یم ہیوٗیئ موان دِن کھو رات
یمسئی اُدَے مَن سو نَیرُ
تِمئی ڈیوٹھی سُور گورُ ناتھ (٧٠)

جس نے اپنا آپ اور پرایا ایک سمجھا - جس نے دِن اور رات یعنی سُکھ و دُکھ ایک سمجھا - جس کے من سے دوئی کا بھاؤ مِٹ گیا - اُسی نے شمبو کا درشن پا لیا ؞

پَوَن پورِت یُس اَنہ وَگے
تس بون پشرُتہ بُچھہ تہ ترِیش
تہ یَس گران اَنتہ ستگے
سُو سَمسارس زِوہ نہ زمہ (٧١)

جو من کو اپنے قابو میں کر سکتا ہے - اُس کو بھوک، پیاس ستا نہیں سکتی ہے - جو اِس طرح سے آخری دَم تک کر سکتا ہے - وہ اِس سنسار میں دوبارہ پیدا نہیں ہوگا - یعنی مُکتی حاصل کرے گا ؞

---

ط۱ انگشت نما ہونا ط۲ باز آنا ط۳ دوئی کا بھاؤ مٹنا - ط۴ من ط۵ چھونا ط۶ آخری وقت تک

میں سُرت کے ناؤ کے تاگے سے سمندر میں کشتی کو کھینچتی ہوں۔ کیا پرماتما
پرارتھنا سُن کر مجھے بھی پار کریگا۔ جس طرح پانی کچے مٹی کے برتن میں جذ
ہوتا ہے۔ اسی طرح میرا دل چاہتا ہے۔ کہ میں بھی اپنے گھر کو جاؤں۔
مکتی پراپت کروں ؂

کالی[1] ست کُل گژھن پاتالی
کوکالی[2] کاہ کالی درشن پن
ماس ٹکہ تے مسہ کی پیالی
برہمن تہ ڈالی[3] ایکوٹہ کھن
ملج ہا مالہ کرہ کورہ دلالی[4]
زنہہ نش ساری وست[5] پن (۶۷)

وقت آئیگا۔ جب کہ سات کُل گر جائیں گے۔ یعنی ناش ہو جائیں گے۔ کلجگ کے بُرے سمئے میں بے وقت بارش ہو گی۔ برہمن اور بھنگی ماس اور شراب اکٹھے کھائیں گے اور پئینگے۔ ماں اپنی لڑکی کے بدافعالی کر میں دلالی کریگی۔ سب اُونچے نیچے گریں گے یعنی اخلاقی گراوٹ ہو

کُونہ رے بوزک کوہہ نو روزک
کُونہ رن کرزم[6] ہافی کار
کُونی آست دون ہند جنگ گوم
شونی سبے زنگ کرت گوم زنگ[7] (۶۸)

اگر تم تنہائی سُنو گے تو کہیں نہ رہو گے۔ تنہائی ہی نے مجھے بدنام کیا اکیلی ہو کر ہی دو کا جنگ ہو گیا۔ وہ نرآکار ہی مجھے ساکار بنا کر چلا گیا ؂

(۱) ناش ہونا۔ گر جانا۔ (۲) بے وقت (۳) چنڈال (۴) دلالی۔
(۵) اخلاقی گراوٹ (۶) نرآکار (۷) ساکار۔

زانت سَرِدہ گتھ پربھو امول
پیتھوئی زانک ہتیو تھی آسس (۶۴)

اگر وقت کے گزرنے سے تم تمام خواہشات کو قابو میں کروگے۔ تم چاہے گھر میں رہو۔ چاہے جنگل میں۔ اگر اُس کو ہر جگہ حاضر و ناظر اور الوکک پربھو سمجھوگے۔ پھر جیسا جانوگے۔ ویسا ہی بنوگے

کینژن رن پھَے شِہج کھُونی
نیرو نبر شِہوُل کَرو
کینژن رن پھَے برہٹھ ہُونی
نیرو نبر زنگ کھیو
کینژن رن پھَے اَوَل تہ وُوَل
کینژن رن پھَے زَول ژٕہی (۶۵)

کہیوں کی عورتیں چنار کے ٹھنڈے درخت کے مانند یعنی شیتل سوبھاؤ ہیں اگر باہر نکلیں۔ تو سایہ میں بیٹھ کر آرام کریں۔ کہیوں کی عورتیں دروازے پر کُتے کی مانند ہیں۔ باہر نکلنے پر ٹانگیں کاٹنے کو آئیگی۔ کہیوں کی عورتیں جھگڑالو ہیں۔ کہیوں کی عورتیں چھیددار سائے کے مانند ہیں۔ یعنی اُس سایے میں بیٹھنے سے کوئی فایدہ نہیں +

آمہ پنہ سُدرس ناوِ چھس لمان
کتھہ بوزہِ دَئے میون ہیتہ دیہ تار
آمن ٹاکن پوِنہ زَن شمان
رُوح چھم برہمان گرہ گژھے (۶۶)

(۱) ٹھنڈا۔ (۲) جھگڑالو (۳) چھیددار (۴) جذب ہونا۔
(۵) خواہش۔

کیئوں کو تُم نے بہُت سارے لڑکے دِیئے۔ کہیوُں کو تُم نے دینے بِلا واره نہیں دیکھا۔ کہیوُں کو تُم نے برہم ہتیا کا پاپ لگا دیا۔ یعنی صرف لڑکیاں ہی دیں۔ ہے بھگوان! تمہاری لیلا کو نمسکار ہے۔

کنڈیو گرک کنڈِ کنڈے
کنڈیو گرک کنڈی وِلاس
بھوگی۔ بیٹھی دِتِت یِتھ کنڈے
اتھہ کنڈ روزی سُورنتہ ساس (٦٢)

ہے شریر داری! اگر تُم کو ہر وقت شریر کا ہی دھیان رہے گا۔ اور تُم ہر وقت اِس شریر کو آراستہ کرو گے۔ اور تُم ہر وقت اِس شریر کو میٹھے بھوجنوں سے پالنا کرو گے۔ ایک دِن یہ شریر راکھ اور بھسم ہو جائے گا۔ یعنی مٹی میں مِل جائے گا۔

سو مہنہ گارُن منز یِتھ کنڈے
یِتھ کنڈِ دِپان سُروپ ناوُ
لُوبھ۔ مُوہ ترِلئی شُوبھِی کنڈے
یَتھ کنڈِ نیرِی سورپرکاش (٦٣)

دِل و جان سے پرماتما کی تلاش اِسی شریر میں کر۔ اِسی شریر کا نام پرماتمہ سروپ ہے۔ لالچ اور جہالت کو چھوڑ کر یہ شریر شوبھایمان بنے گا۔ تب اِسی شریر سے پرماتما کے گیان کا ظہور ہو گا۔

کالَن کالہ زول یُدوَے ژِہ گول
وَنٛدو گھوه وِندو وَنواس

(۱) شریر دھاری (۲) آراستہ کرنا (۳) بھوجن (۴) تلاش کرنا
(۵) گھر (۶) جنگل۔

کُس بَب تَے کُوسہ ماجی
کمئی لاجی باجی یَٹ
کال گژھِ تَے کُوہہ نو بب کُوہہ نو ماجی
زانِت کوہ لاجِت باجی یَٹ (۵۹)

کون تمہارا باپ ہے۔ اور کون ماں ہے۔ کس نے تمہارے ساتھ پریم کیا۔ آخری وقت پر نہ کوئی تمہارا باپ ہے۔ نہ کوئی ماں ہے۔ یہ جان کر تم کیوں پریم بڑھاتے ہو۔

کھِنہ کھِنہ سیتِھ کُنہ نو وانِگ
نہ کھِنہ گژھکھ اہنکاری
سموئی کھیہ مالہ سموئی آسکھ
سمہ کھِنہ مُوژرنے بَرِن تیری
سُم یلہ سمئی ژُم کیتہ روزِہی
اَدہ آلہ مالہ روزِک شُو ہم شُو (۶۰)

بار بار کھانے سے تم کسی ٹھکانے پر نہیں پہنچو گے۔ اور نہ کھانے سے تم کو غرور پیدا ہوگا۔ اعتدال سے کھاؤ۔ اور اعتدال سے رہو گے۔ اعتدال کے کھانے سے اصلی راستہ کھل جائے گا۔ جب سمہ بھاؤ ہوگا۔ تو شگاف نہیں رہے گا۔ پھر ہی پیارے۔ تم شُو ہم ہی رہ جاؤ گے۔

کینہہ ژِن دیُتھم گلالہ یٹہ ہی
کینہہ ژن زُونُتھم نہ اُرنس وار
کینہہ ژن ژُنتھم نال بہ سمہ ہتری
بھگوانہ دیا نہ کُنہ مُنہ کار (۶۱)

۱ پریم کرنا ۲؎ دروازہ ۳؎ سمہ بھاؤ ۴؎ لڑکا ۵؎ لڑکی۔

بہتے ہوئے جَل کو رُوک لینا۔ بڑھتے ہوئے آگ کو ٹھنڈا کرنا۔ اپنے پاؤں پر آسمان پر چلنا۔ ایک لکڑی کی گائے سے دودھ دوہنے پر محنت کرنا۔ یہ سب باتیں بازی گری سماں اور فضول ہیں ؛

چِت[1] تورگہ گگنہ برہمہ وُون
نِمیشہ[2] اَکہ ژھنڈہ یوزنہ لچھ
ژی تن وگہ یم رٹت زون
پران اَپان پھٹرت[3] رِچھ ہا (۵۷)

من رُوپی گھوڑا آکاش وغیرہ کا سَیر کرتا ہے۔ آنکھ کے ایک اِشارے میں لاکھوں یوجن کا سفر کرتا ہے۔ اگر منش گھوڑے کو لگام سے قابُو کرنا جانتا۔ تو اُس کے سب اندریاں کسی کام کے نہیں رہتے ہیں ؛

تُورِ[4] سَلِل[5] کھٹ ستے تُورِہ
ہیم ترِ گئے ہنا ہن وِمرشا[6]
ژی تن رَد باتہ سب ہئے[7]
شِو مے ژرا ژر جگ پشتا (۵۸)

جب سردی پانی پر قابُو پاتی ہے۔ تو پانی یخ کی صُورت اختیار کرتا ہے۔ اِسی طرح سے تین مختلف صُورتیں بنتی ہیں۔ اگر وچار سے دیکھا جائے۔ تو اِن میں کوئی فرق نہیں۔ جب چیتن رُوپی سُورج چمکتا ہے تو تینوں ایک سُروپ بنتے ہیں۔ اور سارا جگت جاندار اور بے جان سب شِو رُوپ ہی دِکھائی دیتے ہیں ؛

---

[1] چِت رُوپی گھوڑا۔ [2] آنکھ کا ایک اشارہ [3] - اندریوں کا بے کار ہونا [4] سردی [5] پانی [6] - اختیار کرنا۔ [7] ایک سُروپ ہونا [8] دِکھائی دیتے ہیں ؛

آچار شکتی نے وچار کی بات کہی - پران اور اپان کا خیال رکھنا چاہیئے
پرانوں کے سیون کرنے سے مزا چکھو۔ سنسار ناپائدار ہے - اس میں
مت پھنسو +

یمۓ شہ ژہ تمۓ شہ مہ
شامہ گلا ژہ بیون لوٹھس چھو
یہوئ ہنا بھید ژہ تہ مہ
ژہ شن سوامی بہ شسے موشس (۵۴)

ہے ایشور! جو چھ تم میں وہی چھ مجھ میں بھی ہیں۔ ہے نیل کنٹھ! تم
سے الگ ہو کر میں تکلیف میں پھنسی - تم میں اور مجھ میں یہی فرق ہے
کہ تم چھ کے سوامی ہو - مجھے انہی چھ نے گمراہ کیا +

کھت گنڈت نا شمہ مانس
برانتھ یمو ترا و تم گے کھست
شاستر بوز ژہ یم بنگ کرہ و
سونا پرشتۓ ونیا لوست (۵۵)

کھانے اور کپڑے پہننے سے من قابو میں نہیں ہوتا۔ جنہوں نے جھوٹی
آشا چھوڑ دی - وہی اوپر گئے یعنی گیان حاصل ہوا - شاستر کو پڑھ کر
جنہوں نے اس پر عمل کی چھنوں نے شاستر پر بھروسہ کیا اُن کو ان کی شانتی آسکتی ہے

زل تھمنو ہتوہ ترناون
اردہ گمن پرہ ورزت ژرت
کاٹھ ذینہ دُدھ شرماون
انتہ سکلو کیٹ ژرت (۵۶)

ہلہ پانچ گیان اندری اور ایک من ہلہ تکلیف ہلہ گمراہ کیا ہلہ من کو قابو کرنا ہلہ عمل کرنا ہلہ شانتی

سب نبان کر بھی تو مُور کھ جیسا رہ۔ ادر دیکھ کر بھی تو اندھا جیسا رہ۔ سُن
کر بھی تو بہرہ جیسا[۳] رہ۔ جو جیسا تم کو کہے۔ اُس کو ویسا ہی مان لے۔ د
لوگ اسی طریقے پر عمل کرتے ہیں ؛

اَوچارِ جِی ہا مالہ چھُے پوٗتھِن پَران
یُوتھہٕ طوطہٕ پَران رام پنجرس
گیتا پَران ہیتھا لُبان
پَرم گیتا تہٕ پَران چھُس (۵۱)

بے سمجھ لوگ وچار یعنی عمل کے بغیر ہی کتابیں پڑھتے ہیں۔ جیسے طوطا
پنجرے میں رام پڑھتا ہے۔ وُہ گیتا پڑھ کر دکھاوا کرتے ہیں۔ میں نے
گیتا پڑھی اور مطلب کو جان گئی ؛

آنچار ہا نزرہٕ ہُوند گوم کَنَن
ندرِ چھوہ تہٕ رِہیو ما
ہتہٕ بُوز تہٕ کوٗتم رُود وَتَن
ترے تُون پھوہ تہٕ ترِی نوِ ما (۵۲)

آچار شکتی کی آواز میرے کان میں آئی۔ یہاں سب کچھ ناپائدار ہے۔ مت
خریدو۔ اس میں مت پھنس جاؤ۔ یہ آواز داناؤں نے سُنی۔ اور کہنے لگے۔
لوگو! اگر سمجھنا ہے۔ تو سمجھ لو ؛

آنچار بچارِ وِچار ڈُنُن
پَرانَن تہٕ رُوہِن ہیو ما
پرانس بُزِت مَزا ژُوہُن
نُدرِ چھوہ تہٕ رِہیو ما (۵۳)

(۱) وچار کے بغیر (۲) آچار شکتی (۳) ناپائدار (۴) دانا (۵) پران (۶) ایان (۷) اپاسنا کر

تین بار میں نے جھیل کو بھرا ہُوا دیکھا۔ ایک بار میں نے جھیل کو آکاش پر جگہ دیکھی۔ ایک بار میں نے ہرمکھ سے کونسر ناگ تک پُل دیکھا۔ سات بار میں نے سنسار کو شُون میں لَے ہوتے دیکھا۔

تنتر گلہ تےَ منتر موژرے
منتر گلہ تےَ موژرے چِت
چِت گلہ تےَ کنہہ تِنا کُونہے
شونس شُونہ رمیلت گوُ (٤٨)

تنتر لَے ہونگے صرف منتر ہی رہے گا۔ جب منتر بھی لَے ہونگے۔ تو صرف من ہی رہے گا۔ جب من بھی غائب ہو گا۔ تو باقی کچھ بھی نہیں رہے گا۔ شُونہ رُوپ میں شونہ مِل جائے گا۔

باُن گلُ تےَ پرکاشس آوُ زُوتے
چندر گلُ تےَ موژرِ چِت
چِت گلُ تےَ کنہہ تِنا کُونہے
گےَ بھُو بھوہ سوہ وِسرزِت کِت (٤٩)

جب سُورج غرُوب ہُوا۔ تو چاند نکل آیا۔ جب چاند غرُوب ہوا۔ تو صرف من رہا۔ جب من بھی نہیں رہا۔ تو کچھ نہیں رہا۔ یعنی جگت لَے ہوا۔ زمین، ہوا، آکاش (بھُو۔ بھوہ۔ سوہ) برہم میں لَے ہو گئے۔

موُڑو ڈیشِت تہ پشِت لاگیہ
زُر تہ کلُ شرتو وُوان زڈہ رِچھ اس
یُس یِت دِپیُ تس تیوتھ بُوِل
سُوئ چھُرِ تہ وُدِس ابھیاس (٥٠)

ا سُورج ٢ رہ گیا۔ ٣ لَے ہونا ٤ سُن کر ٥ سچی ودیا۔

رہت یعنی شُدھ ہُوں۔ مجھے کسی کا کیا پریوجن ہے ؛

نابھستھانس چیت زلہٖ وِنی
برہمستھانس ششیرن مکھ
برہمانڈس پھٹے ندٖ وہہ وِنی
توے ترُنُ ہوٗ ہا گوٗ تتوٗ (۴۵)

نابھستھان سے ہی اگنی (ززٹھر) ہوتی ہے۔ برہمستھان سے ٹھنڈک پیدا ہوتی ہے۔ برہمانڈ سے پران اپان رُوپی ندی بہتی ہے۔ اس سب
ہوٗ سرد ہے اور ہا گرم ہے ؛

چدانندس گیان پرکاشس
تمو ژیونی تم زیون تی مکھتی
وشمس سمسارنس پاشس
ابدٗو گنڈٗ شت شت دتی (۴۶)

جنھوں نے گیان رُوپی چدانند کا سچی ودیا سے گیان حاصل کیا۔ جنھوں نے اسی دیہہ میں گیان حاصل کیا۔ وہ جینے اور مرنے سے آزاد ہو گئے۔ یہ سنسار کٹھن رُوپی پھانسی کا جال ہے۔ مُورکھ لوگ ہزاروں گانٹھوں سے اپنے آپ کو اس جال میں باندھتے ہیں ؛

ترہ ہنگہ سرا سری سرس
اکہ ہنگہ سرنوٗ ارشس جائی
ہر مکھ کونسرہ اک ہم سرس
ستہ ہنگہ سرس شنیا کار (۴۷)

۱ گرم ۲ ٹھنڈک۔ ۳ پران اپان رُوپی ندی۔ ۴ پیچیدہ ۵ جال
۶ بے وقوفوں نے ۷ سینکڑوں گانٹھ ۸ تین بار ۹ پل۔

کچھ مٹی کے برابر خیال کیا۔ یعنی دُنیا کو ناپائدار جانا۔

یتھ سَرہ سِر شف پھل ناوِڑے
تتھ سَرہ سکلو پون چھَن
مرگ سرگال گینڈ زل ہستی
زن نازن تہ تتی پن (۴۲)

یہ جھیل اِتنا نازک ہے۔ کہ اِس میں رائی کا دانہ بھی سما نہیں سکتا۔ تو بھی اِس جھیل سے سب جیو پانی پیتے ہیں۔ اِس میں ہرن۔ گیدڑ۔ گینڈا اور سمندری ہاتھی وغیرہ سب کے سب پیدا ہوتے ہی گرتے ہیں یعنی مرتے ہیں۔

ژلہ چتہ وُندس بھیہ مو بر
چان چنت کران پانے اند
ژہ کوہ زان ہیئ کھُدہری کر
کیول تسندوی تورک ناد (۴۳)

ہے چنچل من! تو اپنے دل میں کوئی خوف نہ رکھ۔ پرماتما خود ہی تمہاری فکر کرتا ہے۔ تمہیں کب پہچان آئے گی؟ اور تمہاری بھوک کب ختم ہوگی؟ صرف اُسی (ایشور) کے انوگرہ کا انتظار رہے۔

گال گنڈی نم . بول پڑی نم
دپنم ہتیس یتھ رُژے
سہزہ کسمو پوز کری نم
بہ اُمہ لالہ کس کیاہ موڑے (۴۴)

چاہے کوئی نندا کرے۔ چاہے کوئی نِنداکرے۔ چاہے لوگ اپنے خیالات کے مطابق کچھ بھی کہیں۔ چاہے مجھے پھولوں سے پوجا کریں۔ میں دُکھ سکھ سے

۱ جھیل ۲ رائی کا دانہ ۳ چودہ بھون ۴ نہ بھرنے والا ۵ ایشور ۶ نندا ۷ پھول ۸ دکھ سکھ

میراچِت آیئنے کی طرح نرمل ہوگیا۔ تب مجھے لوگوں کے ابھید بھاؤ کا گیان ہُوا۔ جب میں نے اُسکو (دیوتا) اپنا ہی سرُوپ دیکھا۔ تو میں سمجھ گئی۔ وُہ ہی) سب کچھ ہے اور میں کچھ بھی نہیں +

لَل بو لُوسس ژہانڈان تہ گاران
خَل ہیہ کرمس رَسنے شتی
وُچھُن ہیوتس تَورڈیوٹھمس برَن
ہیہ تہ کل گنے یمَ زوگمس تتیُ (۳۹)

میں (لَل) ایشور کی تلاش کرتے کرتے تھک گئی۔ میں نے اُس کے تلاش کرنے میں بہت ہی یتن کیا۔ میں نے اُسکی تلاش کی۔ لیکن دروازوں کو بند دیکھا مجھے فکر غالب ہُوئی اور وُہیں تاک میں بیٹھی +

لَل وندہِ زولم جگر مورُم
تیلہ لَل ناوُ درام
یلہ ڈُل تروُمس تتیُ (۴۰)

میں نے دِل کی میلائی جلادی اور دِل کے خواہشات مِٹا دئے۔ تب میرا لَل نام مشہور ہوگیا۔ جب میں وُہیں دوزانو ہوکر بیٹھ گئی +

یم لُوبھ تہ مَن مت، مورُو
تمسے مارتِ تہ لوگُن داس
یمی سہزہ ایشور گورُو
تمی سوُرُی وندانُ ساس (۴۱)

جس نے لالچ، خواہشات، اور غرُور کو قابُو کیا۔ اُن کو قابو کرکے اپنے آپ کو داس بھاؤ خیال کیا۔ جس نے پرماتما کا تلاش کیا۔ اُس نے سب

ط۱ تلاش ط۲ یتن کرنے سے ط۳ اگیان کا پردہ ط۴ وُہیں تاک میں بیٹھنا ط۵ جانتا۔

دِن ختم ہوگا اور رات آئیگی - زمین کی سطح آسمان کی طرف پھیلیگی - اماوس کے دِن راہ چندرمہ کو گراس کرتا ہے - اپنے وچار سے آتما کو جان لینا شِو کی سچی پُوجا ہے ◆

داد شاٹُ منڈل یُس یوس تھجی
ناسکِ پوَن اناہت رٚو
سُویَس کلپن انتہ ژُجی
پانےَ دیو تہ اَرژُن کس (۳۶)

جس نے برہم رندر کو شِو کا استھاپن سمجھا - جس نے سانس کے اندر سے باہر آنے کی آواز کو جان لیا - جس کے فضول خیالات خود بخود مِٹ گئے - وُہ خود شِو رُوپ ہے - کون کس کی پُوجا کرے گا ◆

پرتھی ترتھن گژھان سنیاسی
گارہنہ سُدرشن میوُل
چِتا پَرت موٗلشِ پتہ آس
دریشک نیلا وَرمن نیلی (۳۷)

سنیاسی لوگ ہر تیرتھ کو جایا کرتے ہیں - اور پرماتما کو مِلنے کی تلاش کرتے ہیں - ہے من! اپنے چِت رُوپ سے بے خبر نہ رہ - کیونکہ دُور سے نیلا گھاس دِکھائی دیتا ہے ◆

مکھس مَل زَن ژَلم مَنس
آدہ رہہ لبِم مَزنس زان
سُوئی یِلہ ڈیو نِھم نِشے پانس
سوریُ شُوئی تےَ بہ آتو گوئہ نہ (۳۸)

۱ برہمہ رندر ۲ ناک سے سانس لینا ۳ نہ ٹھہرنے والی ۴ بھاگتا ۵ ارپن کرنا ۶ بےخبر ۷ نظر آنا

اچھے اور بُرے اپنے ماتاؤں سے پیدا ہو گئے۔ اُن کے پیٹ کو بہت تکلیف دی۔ سنسار میں پھر کر پھر اُسی جگہ پہونچے۔ شِو کو پراپت کرنا بہت مُشکل ہے۔ اس لئے اس اُپدیش پر دھیان کرو ۔

دماُدم کرُمس دُمن ضخ نالے ہا
پرزلیوم دیپ ننیے یم ذات
اندرِم پرکاشس نبر ژھوٹم
گٹہ رٹُم کرمس تھف (۳۳)

آہستہ آہستہ میں نے اپنے سانس کو اندر ہی روکے رکھا۔ ایسا کرنے سے میری بُدھی چمکی اور اصلیت معلوم ہُوئی۔ میں نے اندر کی روشنی باہر پھیلا دی۔ حتےٰ کہ میں نے اندھیرے میں اُس کو پایا۔ اور پکڑے رکھا ۔

دیُو وٹا ہا دیور وٹا
ہیرہ بون چھی ایکہ واٹ
پُوز کس کرک ہوُنہ بٹا
کرُنس تہ پونس سندگاٹ (۳۴)

مُورتی بھی پتھر کی ہے اور مندر بھی پتھر کا ہے۔ اُوپر اور نیچے ایک ہی ہے۔ ہی مُورکھ پنڈت تم کس کی پُوجا کرو گے؟ تم من اور آتما کو ایک ہی کرو ۔

زِن ٹِھزہ تہ رزن آسے
بُوتل گگنس کُن وِکاسے
چندرئ راہ گرُوسُن ماؤسے
یشو پُوزن گاہ چِت آتمسے (۳۵)

ح۱۔ آہستہ آہستہ ح۲۔ سانس ح۳۔ مورتی ح۴۔ مندر۔ ح۵۔ ایک ہی ہونا ح۶۔ مورکھ پنڈت ح۷۔ ملاپ ح۸۔ ختم ہونا

میرے دِل میں شک ہے ۔

ژِہ نا بُو نا دَے نا دِھیان
گوَ پانٔے سروہ کرٔئے مشتِ
اِنیا ڑِیوٹھک کِنہہ نا اَنُوۂ
گےَ ست ئے پَرَ پشتِ (۳۰)

نا تُم ہو ۔ نا میں ہُوں ۔ نا دھیان ہے اور نا دھیان کی کوئی چیز ہے ۔ سب کریا چھوڑ کر وُہ صرف وُہی پر ماتما ہے ۔ اندھے لوگوں (اگیانی) نے اس کا مطلب نہیں سمجھا ۔ لیکن جب کہ اُن کو بھی گیان ہوا ۔ تو وُہ بھی سنسار پار ہو گئے ۔

ژھانڈان لُوسس پانی پانسَ
ژُھپی رگیانس وَوت نہ کُونہہ
لَے کرمَس واژِس مۓ خانس
بھر بھر بانہہ تہ چوَان نہ کانہہ (۳۱)

میں اپنے آپ کی تلاش کرتے کرتے تھک گئی ۔ اُس پُوشیدہ گیان کو کوئی حاصل نہیں کرتا (جو اُسکی تلاش اپنے سے باہر کرے) جب میں اسی میں لے ہو گئی ۔ تو میں سیدھی امرت کے مقام پہ پہونچی ۔ وہاں پر برتن بھرے ہوئے ہیں ۔ لیکن پیتا کوئی نہیں ہے ۔

زِنہ زالٔیے رِتؔ تےَ کِتی
کرتِ وُنزِ رسَ ہُو کلیشا
فیسرتِ دَوار بزہ نہ ویت تُونی
ییشو چھُونی کرُ وُڈتے زِین اُپدیشا (۳۲)

کنڈیو گرِ ہہ تزِ ہ کنڈیو وَنواس
یِتھوی چھُوک تہ تیو تھی آس
مَنس وَ دھیر رٹھ سَنپنک سُواس
کیاہ چھُوئی مولُون سُورتے ساس (۲۷)

کہیوں نے گھر اور کہیوں نے جنگل چھوڑا - تُم جیسے ہی ہو - وَیسے ہی رہو
من کو قابو میں رکھنے سے ہی مطلب کو پراپت کر سکتے ہو - اِس شریر کو
راکھ اور مٹی ملنے سے کیا فایدہ ہے ✣

گگن ژِ ی بُوتل ژِ یُ
ژ ئی دِن پوَن تہ راٗت
ارِگ ژندُن پوش پوُنِ ژ یُ
ژ ی چھُوک سکل تے لاگزِ ی کیاہ (۲۸)

تُم ہی آکاش ہو - اور تُم ہی پرتھوی ہو - تُم ہی دِن ہو - ہَوا ہو - رات ہو -
تُم ہی ارگ، چندن، پھُول، اور پانی ہو - تُم ہی سب کچھ ہو - میں کیا
تُم کو پُوجا میں استعمال کروں ✣

ناتھ نا پان تہ پَرزو نُم
سدائی بُودم ایکوٗ دِہیہ
ژہ بہ بہ ژہ میول نا زونُم
ژہ کُس بُو کوسہ چھُو سندہیہ (۲۹)

ہے سوامی! میں اپنے آپ کو اور پرائے کو نہیں سمجھی - میں نے ہمیشہ
اِس شریر کی ایکتائی جان گئی - لیکن تُم ہی میں ہُوں - اور میں
ہی تُم ہو - یہ بات میں نہیں سمجھی - تُم کون ہو؟ اور میں کون ہوں - یہی تو

ط ۱ - کہیوں نے - ط ۲ - سب کچھ - ط ۳ - تکلیف دینا - پیار کرنا - ط ۴ - شک -

من پُوش تےئے یژہ پُوشانی
بھاوِک کوسمٔ ناگر بِ پوزِے
شِشرِس گٔڈ ڈزِس زال دانی
ژھوپی منترہ شنکر وُزِے (۲۴)

من روپی مالی اور یژہ ھا روپی مالن ۔ بھاونا روپی پشپ سے پُوجا کرنی چاہیئے۔ اپنے آنند رس سے جَل چڑھانا چاہیئے۔ مون روپی منتر سے ایشور کی پراپتی ہوگی ؛

گورہ شبدس یُس یچھ پژھ بھرے
گیان وگہ رٹہ چت ترگس [۳]
ینِدرےئے شمرتِ آنند کرَے
اَدہ کُس مَرے تہ مارن کس (۲۵)

جو اپنے گورُو کے شبد پر یقین رکھتا ہے۔ جو من روپی گھوڑے کو گیان روپی رگام سے قابو کرلیتا ہے۔ جو یندریوں کو قابو کر کے شانتی پراپت کرتا ہے۔ پھر کون مریگا۔ اور کس کو ماریں گے ؛

کینہہ چھیٔ ننِدرہ ہتی وُذی [۴]
کینشرن وُدِن نِستر پییٔ
کینہہ چھیٔ سنان کرتِ اپُوتی
کینہہ چھیٔ گرہ ستھ [۵] بزنت تہ اکریٔ (۲۶)

کئی گہری نیند میں ہوتے ہوئے بھی پُورے ہوشیار ہیں۔ کئی جاگتے ہُوئے بھی سوئے ہوئے ہیں۔ کئی سنان کرکے بھی اُشدھ ہیں۔ کئی گرہست سیون کرنے پر بھی پوتر ہیں۔ (کریا کے بندھن سے آزاد ہیں) ؛

حدا ۔ آنندہ رس ۔ حد۲ ۔ لگام ۔ حد۳ گھوڑے کو ۔ حد۴ ہوشیار ۔ حد۵ گرہست پالن کرکے

کُس مرِتے کُسو مارن
مارِہ کُس تے مارن کس
یُس ہرِہ ہرِہ تراوِت گھر گھر کرے
اَدہ سُوی مرِہ تے مارن تس (۲۱)

کون مریگا۔ اور کس کو ماریں گے۔ کون ماریگا اور کون مارا جائیگا۔ جو شِو کو چھوڑ کر گھر کے خواہشات بڑھائیگا۔ تب وُہی مریگا۔ اور اُسی کو ماریں گے

کُس پشُش تے کُسہ پوُشانی
کُم کوسم لاگزِس پُوزے
کمہ سرہ گڈ دِزِس زل(۱) دانی
کوہ سنہ منترِہ شنکر وُزے (۲۲)

کون مالی ہے اور کون مالن ہے؟ کونسے پھول اُس اُتم دیو کی پُوجا کے لئے استعمال کروگی۔ کس ویدی سے جل چڑھایا جائیگا۔ کس منتر سے شنکر کی پراپتی ہوگی۔

کمش پوش تِل دیپ زل نا گژھے
یُس ست بھاوٗ گُرہ کت منہ ہیئے(۲)
شمبو ہس سورہ پنہ یِژھے
سُعیٔ دِپزے سہزہ کرٔے (۲۳)

اُس کو کوشا۔ پھول۔ تِل۔ دیپ اور جل وغیرہ کی ضرورت نہیں۔ جس کے دل میں گورُو کے شبد پر پکا بھروسہ ہے۔ جو پریم بھاؤ سے شمبو کا دھیان کرتا ہے۔ اُسی کو سہز پچی کریا کہیں گے۔

(۱) جل کی دھارا۔ (۲) بھروسہ کرے۔

کوہِ چھک وِوان اَنِیتھا پچھ
ترُکئی چھک تہ اندری اَڑھ
شو چھوئی اَت تے گُون موگڑھ
سہزہ کتھ ہیا نہ کرتو پڑھ (۱۸)

تُم کیوں بے فایدہ[1] ہاتھوں سے ٹٹولتے ہو۔ اگر تُم دانا ہو۔ تو اپنے اندر دیکھ شِوا اپنے آپ میں ہی ہے۔ اُسکی تلاش اور کہیں مت کر۔ ہی سہز۔ تُو میری اصلی بات پر یقین کر۔

کُش ہو مالہ تُوس نہ پکان پکان
کُش ہو مالہ تُوسئی نہ ولنگان سمیر
کُش ہو مالہ تُوسئی نہ مران تہ زوان
کُش ہو مالہ تُوسئی نہ کران نندا (۱۹)

ہے منشُ! کون چلتے چلتے نہیں تھکا۔ ہے منشُ! کون سمیرو پہاڑ کو عبور[2] کرتے کرتے نہیں تھکا۔ ہے منشُ! کون مرتے اور پیدا ہوتے نہیں تھکا۔ ہے منشُ! کون لوگوں کی نندا کرتے کرتے نہیں تھکا۔

زَل ہا مالہ تُوسئی نہ پکان پکان
سریہ تُوسئی نہ ولنگان سمیر
چندرمہ تُوسئی نہ مران نہ زوان
منشُ تُوسئی نہ کران نندا (۲۰)

ہے منشُ! پانی چلتے چلتے نہیں تھکا۔ سُورج سمیرو پہاڑ کو عبور کرتے کرتے نہیں تھکا۔ چندرمہ مرتے پیدا ہوتے نہیں تھکا۔ منشُ نندا کرتے کرتے نہیں تھکا۔

---

۱۔ بے فائدہ ۲۔ عبور کرنا

اورِہ تہ پانٔے یورِہ تہ پانٔے
پُتّ وانٔے روزِہ نہ زانہہ
پانٔے گُپت تہٕ پانٔے گیانی
پانٔے پانس مُود نہ زانہہ (۱۵)

اُدھر سے بھی وُہی ہے۔ اور اِدھر سے بھی وُہی ہے۔ وُہ کبھی بھی پیچھے نہیں رہے گا۔ وُہ خُود ہی پُوشیدہ ہے اور خُود ہی سرد ویاپک ہے۔ وُہ خُود کبھی بھی نہ مرا۔ بلکہ امر ہے ۔

اورِہ تہ پانٔے یورِہ تہ پانٔے
پانٔے پانس چھُونہ ہیلان
پرتھم اُتھرِس نہ مُولہ دانی
سُوہۓ آہ مالہ ژٕری آشچر زان (۱۶)

اُدھر سے بھی وُہی ہے اور اِدھر سے بھی وُہی ہے۔ وُہ کبھی بھی خُود ہی نہیں ملتا ہے۔ اُس میں ایک ذرہ بھی نہیں سما سکتا۔ ہے منشُ یہی تو عجیب بات ہے ۔

اومکار یلہ لَیہ اونم
وُہی کرم پَنُن پان
شہ وَتہ ترِاوِتھ ستّ مارگ ژُم
تیلہ لَل بہ واتِس پرکاشس تھان (۱۷)

متواتر جپ کرنے سے میں نے اوُم کو اپنے آپ میں لے کیا۔ اپنے جسم کو جلتے ہوئے کوئلوں کی طرح بسم کیا۔ چھ راستے عبور کرکے میں نے ساتواں یعنی سچائی کا راستہ پالیا۔ تب میں لل سچائی کے مقام پر پہونچی ۔

[illegible] بسم کیا۔ راکھ کے ساتھ مِل جانا۔ ۳ پانچ گیان اندریاں اور من

اندریُ آیس چندری گاراںجۓ
گاران آیس ہِہن رہِہہ
ژِ ییُ ناران ژِہی اتھہ داران
ژِ یئے ماران یِم کم رِوہیہ (۱۲)

میں اندر سے تلاش کرتے کرتے چاند کی تلاش میں باہر نکلی۔ اپنی جیسوں کی تلاش کرتی رہی۔ تم ہی ناران ہو۔ تم ہی ہاتھ پھیلاتے ہو۔ تم ہی مارتے ہو۔ یہ کیسی آپ کی آشچرج لیلا ہے ۞

آسس کوُنی تہ سپنس سٹھاہ
نزدیک آست گیس دوُر
اندر نِبر کوُنوی ڈِیو نیٹھم
گیم کھت چُت ژوونزا چوُر (۱۳)

میں اکیلی تھی اور بہت ہو گئی۔ نزدیک ہو کر میں دُور ہو گئی۔ اندر اور باہر کیول پرماتما کو دیکھا۔ مجھے چوپٹ چور کھا پی کر گئے ۞

اندر آست نِبر ژھونڈم
پوَنن رگن کرِنم ست
دھیانہ کِن دیے زگہ کیول زونم
رنگ گو سنگس مِیلتِ کِت (۱۴)

اگرچہ وہ اندر ہی تھا میں نے اُس کی تلاش باہر کی۔ ہوا سے میری رگوں کو شانتی پہونچی۔ دھیان کرنے سے میں نے جان لیا کہ ایشور سارے جگت میں ویاپک ہے۔ یہ سارا جگت پرماتما میں لے ہو گیا ۞

۱ تلاش کرنا ۲ سنسار۔جگت ۳ برہم۔

چندَس وُچھم ہاُرِ نہ اَ ہتے
ناوِہ تارَس دِمہ کیاتہ بوُ (۹)

میں ٹھیک راستے سے آئی لیکن اُس راستے پر نہیں چلی۔ جب میں سیتھو پر سے چل رہی تھی کہ سُورج ڈُوب گیا۔ میں نے جیب میں ہاتھ ڈالا۔ تو ایک کوڑی بھی نہیں پائی۔ اب میں مُلاّح کو پار لنگانے میں کیا اُجرت دُونگی۔

آگرِ یَ ہلہ مالہ گرزِمُ
ڈُگہ واہ[2] ہنہ ڈُوُر سگُم[1]
اَور کے کرِ پایہ زگت وُنزِم[3]
یورِہ تہ کنہہ ہہ سُرُم نو (۱۰)

میں منبع سے ہی گرجی۔ اور کھیتی کو سیلاب کے پانی سے سیراب کیا پرماتما کی کرِپا سے جگت کا گیان میرے دِل میں پیدا ہوا۔ میں نے اپنی طرف سے کسی چیز کی دھارنا نہیں کی ؂

اَ سِتھے[4] پوندے[5] زوُسے[6] زامے[7]
نہتھی ترِتھن سنان کرَے
وُہر ورَیس ننوُئ آسے
نِشہ چھُوئ تہ پرَزان تن (۱۱)

جو ہنستا ہے۔ چھینکتا ہے۔ کھانستا ہے اور انگڑائی لیتا ہے۔ جو ہمیشہ پُوتر تیرتھوں پر نہاتا ہے۔ جو تمام سال یعنی ہر وقت پرگٹ ہے۔ وہ تمہارے نزدیک ہے۔ پہچان لو۔

ح۱۔ کوڑی۔ ہر کا نام ح۲۔ سیلاب کا پانی ح۳۔ جاننا۔ ح۴۔ ہنسنا

ح۵۔ چھینکنا۔ ح۶۔ کھانسنا۔ ح۷۔ انگڑائی لینا۔

میں سیدھی آئی اور سیدھی واپس جاؤں گی۔ مجھ سیدھی سادھی کا کوئی ٹیڑھا پُرش کیا بگاڑ سکتا ہے۔ میں شروع سے ہی اُس کی (ایشور) واقف تھی۔ وُہ مجھے کیا کریگا۔ جو اُس کی پیاری اور واقف ہے؟

انہ پاگائیتری ہمسہ ہمسہ ریپت
اہم تراوت سُوئی اُدھ رُٹھ
ایم ترودُ اہم سُوئی رُود پانے
بیہہ نہ آسُن چھُوئی اُپدیش (۷)

گائیتری منتر صرف زبان سے ہی نہیں۔ بلکہ دِل سے جپنا چاہیے۔ اپنے آپ کا دُنیا دی تعلقات چھوڑ کر صرف اُسی کو پکڑ (اہم کو چھوڑ کر سُو کا دھیان کر) جس نے اپنا اہم چھوڑا وُہی زندہ رہا اسکے بغیر اور کوئی اُپدیش نہیں۔ یعنی اہم بھاؤ چھوڑنا ہی سچا اُپدیش ہے۔

آئیس کمہ دیشہ تہ کہہ وتے
گژھہ کمہ تہ کوہ زانہ وتھ
انتھہ دائی لگہہ ہہ تتے
چھم چھونس پھکس کو سہہ ست (۸)

میں کس دیش اور راستے سے آئی۔ میں کس دیش میں جاؤں گی اور راستہ کیسے ملیگا؟ آخر میں مجھے وُہیں اچھا اُپدیش ملیگا۔ کیونکہ اس خالی سانس میں کوئی پائداری نہیں۔

آئیس وتے۔ گوئیس نہ وتے
سہہ منز ستھے تُو سُم دُھ

(۱) ہر ایک سانس یعنی ۲۴ گھنٹے میں ۲۱۶۰۰ شواس و شاس کے ساتھ گائیتری کا منتر جپنا چاہیے۔ (۲) اُپدیش۔

مجھے کوئی ہزار گالیاں بھی دے۔ میرے دل میں ہرگز کوئی دُکھ نہ ہوگا۔ اگر میں سچ مچ شنکر کی پریمی ہوں۔ اسی طرح جیسے کہ آئینے کو میل کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتی ؞

اچھاں[1] آئے تہ گچھُن گچھے
پکُن گچھے دِن کھو رات
یورئے آئے تور گچھن گچھے
کنہہ نتہ کنہہ نتہ کنہہ نتہ کیاہ (۴)

ہم لامحدود سے آئے ہیں۔ اور وہیں جانا چاہئے۔ دِن اور رات وُہیں (پرماتما کے راستے) جانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ جدھر سے آئے اُدھر ہی جانا چاہئے۔ یہ سنسار کچھ بھی نہیں۔ کچھ بھی نہیں۔ کچھ بھی نہیں۔

اسی آسِس تہ اسی آسوَ
اسی دور کرئ پتہ وَت
شوس سورہ نہ زیون تہ مرنُ
رَوس[2] سورہ نہ اتہ گت (۵)

ماضی میں ہم ہی تھے۔ اور مستقبل میں ہم ہی ہونگے۔ ہم ہی نے ہمیشہ سے دور کئے۔ شو کے واسطے جینا و مرنا کبھی ختم نہیں ہوگا۔ سورج کے لئے طلوع اور غروب ہونا بھی کبھی ختم نہیں ہوگا ؞

آیِس تہ سیودی گچھ تہ سیودی
سیدس ہول مہ کرم کیاہ
بہ تس[3] آسس آگرے وزی[4]
ویدِس تہ وندِس[5] کریم کیاہ (۶)

[1] لامحدود۔ بڑھاپا [2] سورج [3] واقف [4] واقف کو [5] پیاری

# واکھیہ للی شوری

اکوئی ادمکار یُس نابھ زرے
کومبئی برہمانڈس سوم گرسے
اکوئی منتر یُس ژِتس اکرے
تس ساس منتر کیاہ زان کرے (۱)

جس نے (برہمانڈ سے لیکر نابھستان تک) ادمکار کے ہی منتر کا دھارن کیا۔ اور اپنے آپ کو برہمانڈ کے برابر خیال کیا۔ جو اسی ایک منتر کے سار کو اپنے دل میں وچار کرے اُس کو ہزار ہا منتر کیا کریں گے ؛

ابھیاسی سوِیکاسُ لَے وتھوُ
گگنس سگُن میوُل سَمہ ژَرُٹا
شوُنہ گول تہ اناَمئے متوُ
یہ ہوُئ اپدیش چھوُی بَٹا (۲)

یوگ کے ابھیاس سے باہر کی تمام چیزیں لے ہوتی ہیں۔ یہ سب شوُنہ رُوپ دکھائی دیتا ہے۔ سوائے برہم کے اور کچھ باقی نظر نہیں آتا ہے۔ ہے منش یہی سچا اُپدیش ہے۔

آسا بول پرنم۔ ساسا
مہ مہنہ وا سا کھید ناہَے
یودوے شنکر بخش آسا
مکرِس ساسا ئل کیاہ پہے (۳)

داہنی تباہی سُنا کر برانگیختہ کر دیا۔ ایک روز لَلی شوری پتن سے پانی کا گھڑا بھر کر کندھے پر رکھ کر گھر کو لوٹ رہی تھی۔ دولھا میاں نے محض چھیڑ خانی کی وجہ سے مٹی کے گاگر پر سوٹی کی ایک ضرب رسید کر دی۔ برتن ٹوٹ کر چور چور ہو گیا۔ مگر پانی جم کر کاندھے پر جما رہا۔ لَلی شوری نے پانی گھر میں لاکر استعمال کیا جو بچا وہ کھڑکی سے باہر پھینک دیا۔ پانی کے گرنے کی دیر تھی۔ کہ وہاں ایک تالاب بن گیا۔ جو کئی صدیوں تک قایم رہا۔ اس واقعہ کے بعد لَلی شوری رُوحانیت کے سمندر میں غوطے کھاتی رہی۔ اور مدارج طے کرتی گئی۔ دُنیا و مافیہا سے بے خبر ہو کر مستانہ وار اپنے پاکیزہ خیالات کا اظہار واکھیوں کی صُورت میں کرتی رہی۔ ویدانت اور الوہیت کے اعلےٰ اصُول عام فہم زبان میں لوگوں کو سُناتی رہی۔ لَلی شوری کے کشف کمالات کے قصّے لاانتہا ہیں۔

آپ کا انتقال بیجبہاڑہ میں آپ کی جسم سے ایک شعلہ بُلند ہو کر خلا میں پھیل گیا۔ ہندو مسلمان دونوں آپ سے عقیدت رکھتے ہیں۔

# سوانحعمری للی شوری

للی شوری - للہ عارفہ تیرہویں صدی میں ہو گذری ہے - اس نیک نہاد دیوی کا جنم پانپور کے قریبی موضع سمپنڈر کے ایک برہمن گھرانے میں ہوا تھا۔ بچپن سے ہی اس میں غور و خوض کی عادت پائی جاتی تھی۔ سن بلوغیت کو پہونچ کر اس کی شادی موضع پانپور کے ایک برہمن نوجوان سے ہوئی۔ باوجود شادی شدہ ہونے کے اس دیوی نے برہمچارنی کی زندگی بسر کی۔ ساس اور پتی کے ہاتھوں اس نے کافی تکالیف برداشت کیں۔ اس کی ساس کافی بہتان تراشتی رہی۔ سسر کو اپنی بہو سے بدظن کرنیکے لئے ساس نے کافی ہتھکنڈے استعمال کئے۔ ساس ہر روز بہو کی تھالی میں ایک گول پتھر رکھ کر چاول پروسا کرتی تھی۔ تاکہ سسر کو یہ گمان ہو۔ کہ اس کی بہو بڑی پیٹو ہے۔ للی دیوی برتن مانجھ کر ہر روز اس پتھر کو ساس کے پاس چپکے سے رکھ چھوڑتی تھی۔ اور کبھی پر اس راز کا انکشاف نہ ہونے دیا۔ ایک روز اتفاقیہ طور پر سسر پر یہ بھید کھلا۔ للی دیوی پتن پر پانی بھرنے جا رہی ہے۔ اسکی ایک ہم عمر پڑوسن اس سے پوچھتی ہے کہو بہن! کل جو تمہارے ہاں ضیافت پکی تھی۔ خود تو خوب مزے سے کھاتے رہے سب مجھے پوچھا تک نہیں۔ للی شوری بولی۔ ہاں بہن۔ دعوت تو ضرور پکی تھی مگر "للہ غلہ؛ ٹھ ترلہ نہ زانہہ"۔ دعوت کوئی کھائے۔ تو میری بلا سے۔ للی کو گول پتھر سے کبھی چھٹکارا نہیں مل سکتا ہے۔ یہ گفتگو اس کے سسر نے سنی جو پتن پر سندھیا کر رہا تھا۔ وہ اس بات کی کھوج میں لگا اور جلدی ہی ساری حقیقت اس پر آشکارا ہو گئی۔ بیوی کو اس نے ڈانٹا۔ مگر اس سے ساس میں اپنی بہو کیلئے انتقام کی آگ اور بھی بھڑک اٹھی۔ اس نے اپنے لڑکے کو اپنی بہو کے خلاف

# تمہید

کشمیر جنت بے نظیر شروع ہی سے پوتر رشیوں، منیوں، مہا تسکیتوں اور دیویوں کا گھر چلا آیا ہے۔ اُن کی مقدس زندگیوں کے تواریخی حالات نے بہت حد تک اہلِ کشمیر کی زندگی پر کافی اثر ڈالا ہے۔ کشمیر میں رُوحانیت کی فضا انہی پوتر ہستیوں سے قایم ہے۔ آج کل ہم دیکھتے ہیں۔ کہ ہماری نئی پود رُوحانی فضا میں پلنے کا موقعہ کم پاتی ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے ہمیں بے حد ضرورت محسوس ہوئی کہ ایک ایسا سلسلہ قایم کیا جائے جس سے کہ ہمارے نوجوان کشمیر کے رُوحانیت کے شیدائیوں کے جیون چرتر سے بہرہ اندوز ہو جایا کریں۔ چنانچہ کشمیر کی للی شوری (المعروف لل دید) کی مختصر سی سوانح عمری ہم ناظرین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ ہمیں آشا ہے۔ کہ اس کا اثر نوجوانوں کے دِلوں پر رُوحانی کیف کے علاوہ علمی دلچسپی کا باعث بھی بنے گا۔ اگرچہ للی شوری کی سوانحعمری طبع ہو چکی ہے۔ لیکن وُہ فارسی زبان میں ہے۔ جس سے کہ عام لوگ خاص کر ہمارے نوجوان فایدہ نہیں اُٹھا سکتے ہیں۔ اس لئے ہم نے بڑی تحقیق کے بعد یہ رسالہ اُردو زبان میں تیار کیا ہے۔ اُمید ہے۔ کہ نکتہ چین اصحاب ہماری ان کوششوں کی داد دینگے۔ اور اپنے مُفید مشوروں سے ہمیں مُستفید بھی فرمائیں گے ❊

اس رسالہ میں للی شوری کے واکھیہ یعنی کلام کی پہلی قسط شایع کرتے ہیں اگلی اشاعتوں میں باقی حصے بھی قدردان اصحاب کی خدمت میں پیش کئے جائیں گے ❊

(مصنف)

# واکھیہ للی شوری

( اُردو ایڈیشن )

## جلد اول

اے۔ کے۔ وانچو۔

1996

پبلشرز :-

ٹرسٹ پبلشنگ ہاوس
حبہ کدل سرینگر

( بمرو کلا پریس سرینگر )

OM

# THE WISE SAYINGS

OF

# LALASHWARI

واکهیہ للي أيشوري

(URDU EDITION)

***Part I.***

BY

P. A. K. WANCHOO.

PUBLISHER

**Trust Publishing House.**

SRINAGAR.

---

پبلشرز
ٹرسٹ پبلیشنگ هاوس
حبہ کدل سرینگر کشمیر

1996.

1,000.

**Price As. 2.**